شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

18اکتوبر2023ء

پریس ریلیز

غزہ میں ہسپتال پر وحشیانہ بمباری نے صیہونیوں کی انسان دشمنی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): غزہ میں ہسپتال پر وحشیانہ بمباری نے صیہونیوں کی انسان دشمنی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ دس دنوں کے دوران ناجائز صیہونی ریاست کا چھوٹا بڑا ہر سیاسی و عسکری عہدیدار اور صیہونی آباد کار اس بات کا کھلے عام اظہار کر رہے ہیں کہ اُن کا مقصد فلسطینی مسلمانوں کی مکمل نسل کشی کرنا ہے۔ مغربی ممالک کی حکومتیں اور میڈیا بھی اسرائیل کے جنگی جرائم کو مکمل تحفظ دے رہے ہیں۔ بلکہ فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی میں صیہونی ریاست کی ہر طریقے سے مدد کر رہے ہیں۔ انسانیت کے دشمن اسرائیل نے غزہ کے ہسپتال پر بھی حملہ کر دیا ہے جس سے 800 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے۔ گزشتہ چند روز کے دوران غزہ کے مسلمانوں پر پانچ ہزار ٹن وزنی تقریباً آٹھ ہزار بم گرائے جا چکے ہیں جس سے ہزاروں مسلمان شہید ہو چکے ہیں۔ مغربی کنارے میں بھی صیہونی فوج اور آباد کار فلسطینی مسلمانوں کو بے دریغ شہید کر رہے ہیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون! اسرائیل نے غزہ کا مکمل محاصرہ کرکے خوراک، پانی، بجلی، گیس اور بنیادی ضرورت کی دیگر تمام اشیاء کی ترسیل بند کر رکھی ہے اور فلسطینی مسلمانوں تک امداد پہنچانے کے بھی تمام راستے مسدود کر دیے ہیں۔ گیارہ لاکھ فلسطینیوں کو غزہ چھوڑنے کا حکم دے کر ارضِ مقدس سے فلسطینیوں کا مکمل صفایہ کرنے کے ناپاک عزائم کی طرف بڑھ رہا ہے۔ روس کی جانب سے پیش کردہ جنگ بندی کی قرار داد کو امریکہ اور برطانیہ نے ویٹو کر کے ثابت کر دیا ہے کہ عالم کفر کی غالب اکثریت فلسطینیوں کی نسل کشی میں اسرائیل کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ مسلمان ممالک کو ادراک ہو جانا چاہیے کہ فلسطین کا دفاع مذمتی بیانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ہوگا۔ اُنہوں نے حکومتِ پاکستان اور ریاستی اداروں سے مطالبہ کیا کہ ہمارا دینی، ملی اور قومی فریضہ ہے کہ جس طرح 1973ء کی عرب اسرائیل جنگ میں غاصب صیہونی ریاست کے خلاف عربوں کی عملی مدد کی تھی آج اُسی طرح اپنے فلسطینی بھائیوں کی اس نازک وقت میں نہ صرف مکمل اخلاقی، سفارتی اور مالی بلکہ عسکری مدد کے لیے میدان میں اترے!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیم اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 18 October 2023

"Merciless bombings of a hospital in Gaza has unveiled the Zionists' malice against humanity."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Merciless bombings of a hospital in Gaza has unveiled the Zionists' malice against humanity."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that over the past ten days, political and military personnel of all ranks, as well as Zionist settlers, are blatantly proclaiming that their aim is a no-holds-barred genocide of the Palestinian Muslims. Governments of western nations, alongside the media are fully defending Israel's war crimes. Moreover, they are assisting the Zionist state in every possible way in the genocide of Palestinian Muslims. Israel, an enemy of humanity itself, went so far as to bomb a hospital in Gaza which resulted in the martyrdom of over 800 Palestinians. Over the past few days, Muslims of Gaza have been attacked with explosives weighing five thousand tons in total, amounting to eight thousand bombs, which has martyred thousands of Muslims. Even in the West Bank, Zionist soldiers and settlers are brutally martyring Palestinian Muslims. *Innaa Lillahi Wa Innaa Ilaihi Raajioon*! Israel has completely surrounded Gaza and blockaded all supply of food, water, electricity, gas, as well as other basic necessities, and has also cutoff all ways of delivering aid to the Palestinian Muslims. By ordering 11 million Palestinians to evacuate Gaza, Israel is advancing towards the nefarious ambition of the complete ethnic cleansing of Palestinians from the Holy Land. By vetoing the ceasefire resolution presented by Russia, the US and UK have proved that the overwhelming majority of the disbelieving nations are firmly standing by Israel's side in their genocide of the Palestinians. The Ameer of Tanzeem e Islami said that Muslim countries should realize by now that the protection of Palestine is not possible through mere sermons of condemnation, but through stern actions. He demanded from the government of Pakistan and state institutions that it is our religious and national duty that in the same manner that we lent practical aid to the Arabs against the Zionist usurper state in the Arab-Israeli war of 1973, we must not only morally, diplomatically, and economically assist our Palestinian brothers at this crucial time, but also militarily enter the battlefield!

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan